© rasailojaraid.com


مولانا محمد ابراہیم فانی
دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# اب جدا ہم سے غلامِ سید اکرمؐ ہوا

## بیاد فقیہ النفس شیخ المشائخ استاذ العلماء عارف باللہ مفتی اعظم پاکستان

## مولانا مفتی محمد فرید صاحب قدس اللہ سرہ

ہائے رخصت اس جہان سے مفتیٔ اعظم ہوا — پورا عالم جس سے وقفِ گریہ و ماتم ہوا
اب جہان آگہی پر چھا گئیں تاریکیاں — حلقہ احسان واللہ غرق بحرِ غم ہوا
سانحہ ایسا تھا دہشت خیز و درد انگیز آہ — جس کی شدت سے نظامِ قلب و جاں برہم ہوا
ہر طرف چھائی ہوئی ہے یاس و حسرت کی فضا — اس فراقت پر خزاں منظر ہر اک موسم ہوا
یہ خبر وحشت اثر تھی اس قدر اندوہ گیں — جس کسی نے بھی سنی بالفور وہ بیدم ہوا
ان کے دیدار و لقا سے ہوگئے محروم اب — ہم سے غائب مہ جبیں وہ مہ لقا گلفم ہوا
وہ ہمارے واسطے تھے اک طبیبِ بے بدل — دردِ دل جب ہم فقیروں پر کبھی پیہم ہوا
روضۂ جنت میں محو خواب ہیں شیخ اجل — گو کہ زیرِ خاک اللہ مرشدِ عالم ہوا
عازمِ خلد بریں تھے سوئے علیین گئے — اب جدا ہم سے غلامِ سید اکرمؐ ہوا
جب کبھی بھی تذکرہ علم و عمل کا چھڑ گیا — ان کی یادوں کا تصور اور بھی محکم ہوا
سالِ تاریخِ جدائی میں رہا مغموم جب — مجھ سے گویا ہاتفِ غیبی بچشم نم ہوا
کس قدر خوش بخت ہے اوّاہ مغفور الحمید — اس صدا پر آسمان کا سر بھی فانی خم ہوا

۲۰۱۱ء

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.com